12-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی نائب وزیرِ اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے سنگارینی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ مختلف وجوہات کی بناپر کچھ عرصہ سے بند پڑے میڈیکل بورڈ کو جلد از جلد شروع کرنے پر زور دیا۔

۲۔ ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی کیساتھ منعقد ہوئے اجلاس میں سمکا سارا کا بیاریج کی تعمیر کی راہ ہموار ہوئی ہے۔

۳۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کہا کہ ملک کی سیاست میں عوامی اعتماد کے معاملہ میں ایک چیالنج کے طور پر لیتے ہوئے بی جے پی اقدار پر مبنی سیاست کررہی ہے۔

۴۔ بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں بی آر ایس تنہاء مقابلہ کرے گی۔

Devarakadra MLA

دیورکدرا کے رکنِ اسمبلی مدھوسودھن ریڈی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات کے غیر قانونی استعمال، چائلڈ لیبر اور کم عمری کی شادیوں کے خاتمہ کے لئے بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان منشیات کی لعنت کا شکار ہو کر اپنے قیمتی مستقبل کو تباہ نہ کریں۔ مدھوسدھن ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت منشیات کی روک تھام کے لیے خصوصی طور پر 'ایگل ٹیم' قائم کر کے سخت اقدامات کر رہی ہے۔

Byte: Madhusudan Reddy, Devarakadra MLA

PTC, Wanaparthy

Yoga Guru's Statement

21 جون کومنائے جانے والے بین الاقوامی یوگا ڈے کے پیشِ نظر جنگاؤں شہر سے تعلق رکھنے والے یوگا گرو پی سرینواس نے کہا ہے کہ صحت مند معاشرہ کی تعمیر کے لئے ہر فرد کو یوگا کی مشق کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنانا چاہیئے۔انہوں نے آج آکاش وانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوگا جسمانی اور ذہنی صحت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

Byte: Panuganti Srinivas

PTC-Jangaon

Construction of Unlined Canal

ضلع یادادری بھونگیر کے آلیر میں 2 کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جانے والی کچا نہر کے کاموں کا آج بھونگیر کے رکنِ پارلیمان چاملا کرن کمار ریڈی اور گورنمنٹ وہپ و آلیر کے رکنِ اسمبلی بی ایلیا نے افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ آلیر کی ترقی کے لئے حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے اور عوام کو بہتر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے مقصد سے ترقیاتی کام انجام دئے جا رہے ہیں۔انہوں نے یقین دلایا کہ نہر کی تعمیر معیاری پیمانوں کے مطابق تیزی سے مکمل کر کے عوام کے لئے دستیاب کی جائے گی۔

PTC - Yadadri Bhuvanagiri

Bhadradri Kothagudem District Collector

ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے ویر بھدر پورم گاؤں کے حدود میں واقع تالی پیرو پروجیکٹ کی بائیں نہر کا آج ضلع کلکٹر انلِت نے معائنہ کیا۔انہوں نے نہر کی حالت، پانی کے بہاؤ اور زیرِ

آبپاشی رقبہ کی تفصیلات معلوم کیں۔ حکام نے کلکٹر کو بتایا کہ تالی پیرو پروجیکٹ کے ذریعہ تقریباً 24 ہزار 700 ایکڑ اراضی کو آبپاشی کا پانی فراہم کیا جارہا ہے جبکہ 46.46 کلومیٹر طویل بائیں نہر کی 34 ڈسٹری بیوٹرس کے ذریعہ تقریباً 21 ہزار 100 ایکڑ رقبہ کو پانی سپلائی کیا جارہا ہے۔ کلکٹر نے ہدایت دی کہ نہر میں اُگی ہوئی گھاس، کچرا اور جمع شدہ مٹی کو فوری طور پر ہٹائیں تاکہ پانی کے بہاؤ میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ نہ آسکیں۔

PTC - Bhadradri Kothagudem

Bhatti Vikramarka

ریاستی نائب وزیرِ اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے سنگارینی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ مختلف وجوہات کی بنا پر کچھ عرصہ سے بند پڑے میڈیکل بورڈ کو جلد از جلد دوبارہ شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سنگارینی ملازمین اور ان کے خاندانوں کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے میڈیکل بورڈ کے عمل کو مکمل شفاف، غیر جانبدار اور تنازعات سے پاک انداز میں انجام دیا جانا چاہیئے۔ بھٹی وکرامارکا نے بتایا کہ حال ہی میں کوئلہ پٹی کے عوامی نمائندوں اور وزراء کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں میڈیکل بورڈ کا مسئلہ ان کی توجہ میں لایا گیا تھا اور ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان تجاویز پر مثبت غور کرتے ہوئے مزدوروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہمدردانہ تقرریوں اور زیرِ کفالت ملازمتوں کے لئے اہل قرار پانے والے 335 امیدواروں کو کل منچریال میں منعقدہ پروگرام کے دوران تقرری نامہ فراہم کیئے جائیں گے۔

PTC, Hyderabad

Bandi Sanjay

مرکزی میں وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں 12 سالہ حکمرانی مکمل ہونے کے موقع پر مرکزی وزیرِ بنڈی سنجے نے آج ضلع کریم نگر کے رے کونڈا گاؤں کے ہائی اسکول کا دورہ کیا۔'سوچھ پاٹھ شالا' پروگرام کے تحت انہوں نے مقامی عوام کے ساتھ اسکول کے احاطہ میں 'ٹفن بیٹھک' میں شرکت کی۔اس موقع پر گاؤں کے لوگ اور کارکن اپنے گھروں سے ناشتہ لے کر آئے تھے جبکہ بنڈی سنجے بھی اپنا ٹفن ساتھ لائے اور سب کے ساتھ مل کر ناشتہ کیا۔بعدازاں اسکول کی کلاسوں کی صفائی کے موضوع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غریب طلبہ کی تعلیم کے مراکز یعنی سرکاری اسکولوں کو محفوظ اور صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے وزیرِاعظم مودی کی اپیل کے مطابق سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اسکولوں کی صفائی مہم میں حصہ لینے کی درخواست کی۔انہوں نے 16 جون کو ہر گاؤں میں تمام بچوں کے اسکولوں میں داخلہ کو یقینی بنانے کے لئے ریالیاں نکالنے کی بھی اپیل کی۔

PTC, Karimnagar

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کہا کہ بی جے پی کے قریب رہنے والے افراد نے ہی میناکشی نٹراجن کے معاملہ کا انکشاف کیا ہے۔انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آنے والے انتخابات بی آر ایس تنہاء مقابلہ کرے گی۔ بی آر ایس کیلئے بی جے پی ہی اصل حریف ہے۔کے ٹی آر نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے لئے جانے والے عوام دشمن فیصلے کانگریس پارٹی کو مزید 20 سال اقتدار میں آنے نہیں دیں گے۔کے ٹی آر نے کہا کہ

مستقبل کے انتخابات میں وہ پارٹی تیسرے مقام تک محدود ہوکر رہے گی۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ بی آر ایس کے سربراہ کے چندر شیکھر راؤ بہت جلد بس یاترا کا آغاز کریں گے۔ کے ٹی آر نے اپنے اس توقع کا اظہار کیا کہ دونوں ریاستوں میں اسمبلی حلقوں کی حد بندی پر آنے والے جولائی کے مہینہ میں بل آنے کا امکان ہے۔

PTC - HYDERABAD

Mohammad Azharuddin

ریاستی وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے محرم 2026ء کے انتظامات پر سکریٹریٹ میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اِس موقع پر اظہر الدین نے تاریخی بی بی کے علم کے جلوس اور دیگر محرم کے پروگراموں کو پرامن طریقہ سے منعقد کرنے کیلئے تمام محکمہ جات کے عہدیداروں کو آپسی تال میل کے ساتھ کام کرنے پر زور دیا۔ صفائی، بلا کٹوتی برقی کی سربراہی، پینے کے پانی کی سربراہی، سڑکوں کی درستگی، طبی خدمات، امن و امان کی برقراری پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔ روایتی ہاتھی کے انتظام اور عقیدتمندوں کے سہولت کیلئے اضافی طور پر بسوں کا انتظامات کرنے کی بھی ہدایت دی۔ اظہر الدین نے کہا کہ عوامی نمائندوں کی تجاویز پر عمل کرتے ہوئے حکومت محرم کو کامیابی کے ساتھ منعقد کرنے کیلئے سنجیدہ ہے۔

PTC - HYDERABAD

Harish Rao

بی آر ایس کے لیڈر و سابق وزیر ہریش راؤ نے کنٹراکٹروں کے بلوں کو روک کر رعیّتو بندھو کے فنڈ کو جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ حضور آباد میں کارکنوں کے ایک اجلاس میں انہوں نے شرکت

کی۔ اِس موقع پر ہریش راؤ نے کہا کہ سابق میں بی آر ایس کے سربراہ کے چندر شیکھر راؤ نے کورونا کے موقع پر بھی ریتو بندھو کو جاری کیا تھا لیکن موجودہ کانگریس حکومت ریتو بندھو کی رقم کے معاملہ میں کسانوں کے ساتھ دھوکہ دہی کر رہی ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ ایل آئی سی کی پریمیم کی ادائیگی نہ ہونے سے ملک کی تاریخی ریتو بیمہ اسکیم بھی بند ہوگئی ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ طلبہ میں فی ری ایمبرسمنٹ اور خواتین کیلئے مالی امداد، پنشن کی اجرائی میں بھی ناکام ہونے کا حکومت پر الزام لگایا۔

Desk

TG ICET RESULTS 2026

ہائر ایجوکیشن کونسل کے چیرمین بالاکشٹا ریڈی نے آج کونسل کے دفتر میں تلنگانہ آئی سیٹ کے نتائج کو جاری کیا۔ عہدیداروں نے کہا کہ امیدوار اپنے ہال ٹکٹ نمبر کو انٹر کرتے ہوئے اپنا رینک کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ گزشتہ ماہ 13 اور 14 تاریخ کو ایم بی اے اور ایم سی اے کورسس میں داخلہ کیلئے آئی سیٹ امتحان منعقد کیا گیا تھا جبکہ حال ہی میں پریلیمنری Key جاری کرتے ہوئے امیدواروں سے اعتراض حاصل کئے گئے تھے۔ آج ہائیر ایجوکیشن کونسل نے نتائج کو جاری کیا۔

Desk

Combined Graduation Day

دنڈیگل کے ایرفورس اکیڈیمی میں کل کمبائنڈ گریجویشن پریڈ منعقد ہوگی۔ ایرفورس کے کیڈٹ کی پری کمیشنگ کے تربیت کے اختتام کے ضمن میں منعقد کئے جانے والے اس تقریب میں وزیر

دفاع راج ناتھ سنگھ مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔آئی اے ایف کے کیڈٹ کے علاوہ انڈین نیوی، کوسٹ گارڈ اور ویتنام ممالک سے تعلق رکھنے والے آفیسروں کو وینگس بھی دئے جائیں گے۔نیشنل ڈیفنس اکیڈیمی سے کامیابی حاصل کرنے والے پہلی خواتین کیڈٹ بیاچ اس پریڈ کے ذریعہ ایرفورس میں شامل ہونا ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ یہ پروگرام صبح 7 بجے دودرشن نیشنل، آئی اے ایف سوشیل میڈیا میں راست طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔

PTC - HYDERABAB

Rajnath Singh

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ اگرچہ ملک کی سیاست میں اعتماد اور ساکھ کے حوالے سے شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں لیکن بی جے پی نے اسے ایک چیلنج کے طور پر قبول کرتے ہوئے ملک میں اقدار پر مبنی سیاست کو فروغ دیا ہے۔سکندرآباد کے سک ویلج میں تلنگانہ بی جے پی کی جانب سے منعقدہ دانشوروں کے اجلاس میں راج ناتھ سنگھ کے علاوہ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی، رام چندر راؤ، ایٹالا راجندر اور دیگر قائدین نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گزشتہ 12 برسوں کے دوران ملک نے غیر معمولی ترقی حاصل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے دفاعی شعبہ کو خصوصی ترجیح دیتے ہوئے قومی سلامتی اور دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر بھرپور توجہ دی ہے۔

Byte... Rajnath Singh

Hyderabad, PTC

Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی کیساتھ منعقد ہوئے اجلاس میں سمکا سارا کا بیاریج کی تعمیر کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین ریاستی تعلقات کے ساتھ اس پروجیکٹ کے این او سی کو حاصل کرنے کیلئے تلنگانہ حکومت نے خصوصی دلچسپی دکھائی تھی۔ اس پر چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ نے مثبت ردِعمل دیا۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ سروے کے اخراجات کے لئے تلنگانہ حکومت 9 ہزار 883 کروڑ روپیوں کو جاری کرنے کے علاوہ سیلاب سے متاثرہ اراضیات کو قانونی طور پر امداد فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ اس پروجیکٹ کے ذریعہ 4 لاکھ 40 ہزار ایکر اراضی اور رامپا پا کا لالنک نہر کے ذریعہ اضافی طور پر 30 ہزار ایکر اراضی کو آبپاشی کا پانی اور 100 دیہاتوں کو پینے کا پانی فراہم ہوگا۔

PTC - HYDERABAD

OO